© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

★ بھائی قمرالدین مرحوم رحمۃ اللہ علیہ: تبلیغی جماعت ملتان کے قدیم اور مخلص ساتھی۔ انتقال: ۴؍ جولائی ۲۰۰۸ء

★ محمد مبین مرحوم: مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے رہنما حافظ محمد عباس صاحب کے والد ماجد۔ انتقال: ۱۱؍ جولائی ۲۰۰۸ء

★ قاری محمد طاہر رحیمی رحمہ اللہ: گزشتہ ماہ مدینہ منورہ میں رحلت فرما گئے اور جنت البقیع میں تدفین ہوئی۔

★ محمد حنیف کشمیری ایڈووکیٹ کی ہمشیر مرحومہ: ختم نبوت ٹرسٹ کراچی کے قانونی مشیر جناب محمد حنیف کشمیری ایڈووکیٹ کی ہمشیر گزشتہ ماہ لاہور میں انتقال کر گئیں۔

★ قاری عبدالواحد علوی رحمہ اللہ: ہاسپٹل کمپلیکس اسلام آباد کی مسجد کے خطیب و امام تھے۔ شیخ الحدیث مولانا نور محمد رحمہ اللہ (پنڈی گھیپ ضلع چکوال) کے خاندان کے فرد فرید تھے۔

★ مولانا سیف الرحمٰن المہند (صدر مدرس مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ) کی ہمشیر اور مولانا محمد قاسم صاحب کی اہلیہ مرحومہ۔ انتقال: ۱۹؍ جولائی ۲۰۰۸ء

★ شیخ محمد فاروق (ساکن شارجہ) کے والد ماجد قدیم احرار کارکن حاجی محمد شیخ رحمہ اللہ۔ انتقال: جولائی ۲۰۰۸ء، گوجرانوالہ

★ حافظ محمد امین صاحب (۱۰۰ چک گڑھا موڑ) کی بڑی ہمشیر، انتقال: ۱۸؍ جولائی ۲۰۰۸ء

★ اہلیہ مرحومہ، حضرت حافظ عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ (والدہ مفتی عبدالحکیم صاحب خیر المدارس) ۲۴؍ جولائی ۲۰۰۸ء

★ میاں محمد سلمان رحمۃ اللہ علیہ: ہمارے کرم فرما اور شفیق، میاں محمد سلمان صاحب طویل علالت کے بعد ۲۷؍ جولائی ۲۰۰۸ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی صالح اور وضع دار انسان تھے۔ وہ مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم میاں محمد اویس اور میاں محمد عتیق کے ماموں اور پنجاب اسمبلی کے رکن حافظ میاں محمد نعمان کے والد ماجد تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے نیز پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

قارئین سے ایصالِ ثواب کے اہتمام اور دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

★ پریس کلب چیچہ وطنی کے سرپرست اور ہمارے بزرگ و مہربان شیخ محمد اسلم صاحب شدید علیل ہیں۔ وہ قیامِ پاکستان سے قبل آل انڈیا مجلس احرار اسلام کے رہنما مفکرِ احرار چودھری افضل حق کی یاد میں جاری کیے گئے ہفت روزہ "افضل" سہارن پور کے مدیر شیخ محمد صادق مرحوم کے فرزند ہیں۔

★ مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کے صدر قاری عبدالرحیم فاروقی کی دختر، عبدالرحمٰن جامی اور اُن کی دختر علیل ہیں۔

★ مدرسہ معمورہ ملتان کے سفیر ابومعاویہ محمد بشیر چغتائی گزشتہ ماہ سے علیل ہیں۔

احباب و قارئین سے دعاء صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com